Volume III
No. 2

SP-4-12-73(E)
400

THE

SENATE OF PAKISTAN

DEBATES

OFFICIAL REPORT

Tuesday, the 4th December, 1973

CONTENTS

		PAGES
1.	Obituary Reference.—	35—38
2.	Questions and Answers—	39—40
3.	Annual Production of Sugar Cane—	40—46
4.	Privilege Motion—	47—62
5.	Election of Members to Pakistan National Council— ... *Art*—	63—64
6.	Displaced persons (Compensation and Rehabilitation— ... (Amendment) Bill,— 1973.	64—65

PRINTED BY THE MANAGER, PRINTING CORPORATION OF PAKISTAN PRESS, ISLAMABAD
PUBLISHED BY THE MANAGER OF MAKTABA JADEED PRESS, LAHORE,
Price : Paisa 50

SENATE DEBATES

SENATE OF PAKISTAN

Tuesday, December 4, 1973

The Senate of Pakistan met at Ten of the Clock in the morning, on Tuesday, December 4, 1973, in the Senate Chamber, Islamabad, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

Rscitation from the Holy Quran

OBITUARY REFERENCE

جناب طاہر محمد خان : جناب چیئرمین ! اس سے پیشتر کہ یہ معزز ایوان آج کا کام شروع کرے ، میں جناب کے توسط سے اس معزز ایوان کی توجہ اس مذموم فعل کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جو دو روز قبل کوئٹے میں وقوع پذیر ہوا تھا اور جس کے نتیجے سے سیاست کا ایک ستون ۔ جمہوریت کا ایک سپاہی اور بلوچستان کے غریب مزدور اور مظلوم عوام کا ایک نمائندہ ہم سے الگ کر دیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ اس تفصیل میں گئے بغیر کے وہ کون سے عوامل تھے ، وہ کونسی قوتیں تھیں کہ جھنوں نے اس تشدد کے راستے کو اپنایا ہے ، میں تو صرف اتنی ہی گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ اب جبکہ اس ملک میں جمہوریت کا آغاز ہو چکا ہے ۔ دستور نافذ ہو چکا ہے اور ملک بھی جمہوریت کی راہ پر گامزن ہے ۔ اسمبلیاں کام کر رہی ہیں اور اظہار رائے کے ذرائع مکمل ہوتے جا رہے ہیں تو اس قسم کا فعل ملک کے لیے نقصان رساں ہے ۔

خان عبدالصمد خان اچکزئی ہمیشہ جمہوریت کے لیے ، جمہوری قدروں کے لیے جد وجہد کرتے رہے ۔ خان صاحب مرحوم نہ تو کوئی سردار تھے ، نہ جاگیردار اور نہ ہی وہ سرمایہ‌دار تھے ، بلکہ فرد واحد کی حیثیت سے اُنھوں نے ملک میں سرمایہ داری نظام کی بیخ کنی کے لیے ، ملک کو جابرانہ قوانین سے گلوخلاصی دلانے کے لیے ، اس سرزمین پر صاف ستھرا معاشرہ قائم کرنے کے لیے اور بلوچستان کے لوگوں کو عصر حاضر کے ساتھ چلانے کے لیے ایسے مشن کا آغاز کیا تھا اور وہ قوتیں جو ایسے نظام کو پسند نہیں کرتی ہیں کہ اس ملک میں بھی جمہوریت رہے ، کوئی مضبوط معاشرہ قائم ہو ، یہاں عوام کی حکمرانی ہو وہ آج جمہوریت کی بنیادوں کو کھو کھلا کر رہی ہیں ۔

تو جناب والا ۔ آپ کی وساطت سے اس ایوان سے میں یہ گذارش کروں گا کہ ہم اس ظالمانہ جابرانہ اور مزموم فعل کی مزمت کریں ، نفرت کا اظہار کریں ، خان صاحب مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کریں اور ان کے اہل خاندان سے تعزیت کا اظہار کریں ۔

جناب محمد ہاشم غلزئی : جناب چیئرمین ، میں اپنے پیش رو مقرر کے خیالات سے پورا پورا اتفاق کرتا ہوں ۔ بلوچستان میں خان عبدالصمد خان اچکزئی کے قتل ایک المیہ ہے

[Mr. Mohammad Hashim Ghilzai]

جس کا اثر تمام ملک پر یقیناً پڑے گا۔ اس لیے میں یہ گذراش کروں گا کہ خان عبدالصمد خان مرحوم کے لیے condolence کی قرار دار پاس کرنا بہت ضروری ہے اور میں اس قرار دار کی تائید کرتا ہوں۔ ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی گذارش کروں گا کہ ملک میں اس قسم کے واقعات کو روکنے کے لیے حکومت پوری تن دہی سے کوشش کرے اور ان اسباب کو معلوم کرے جن کی وجہ سے ملک کے اندر تشدد کا رجحان پیدا ہو رہا ہے۔

جناب والا۔ ہر ایک مسئلہ کا علت اور معلول ہوتا ہے۔ ہر ایک علت کا معلول ہوتا ہے۔ ہمیں یہاں صرف قرار داد ہی پاس کر کے خاموش نہیں ہو جانا چاہیے بلکہ ہمیں یہ کوشش کرنی چاہیے کہ کونسے عوامل ہیں اور کونسی وجوہات ہیں جن کے باعث پاکستان کے مختلف حصوں میں آج فضا مکدر ہو رہی ہے۔ امن وامان خراب ہو رہا ہے۔ لوگ پریشان ہیں اور بلوچستان کے اندر یہ پہلا واقعہ نہیں ہے بلکہ اس سے پہلے بھی ایک شخص قتل ہوا تھا اور اسی طریقے سے قتل ہوا تھا یعنی صادق کالتي۔ مگر اب تک کوئی ملزم گرفتار نہ ہو سکا۔ محض کمیٹی بنانے سے مسائل حل نہیں ہوتے ہیں بلکہ بہتر یہ ہو گا کہ ایسے مسائل جو ملک کے امن و امان میں خلل انداز ہو رہے ہوں ان کو روکنے کے لیے عملی قدم اٹھائے جائیں۔ میرے خیال میں ایک بات یہ بھی ہو سکتی ہے کہ چونکہ اس ملک میں برائے نام آئین نافذ ہوچکا ہے اور شہری آزادیوں پر پریس پر اور اخبارات پر پابندی ہے اس کی وجہ سے عوام اپنی مشکلات کو اچھے طریقے پر بیان نہیں کر سکتے۔

چودھری محمد حنیف خاں: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا اب جو بات ہو رہی ہے کہ جناب عبدالصمد اچکزئی کا قتل ہوا ہے اور اس المیہ کے بارے میں condolence اورتعزیت کا اظہار اور ان کی روح کے لیے ثواب یہ بالکل علیحدہ چیز ہے۔ لیکن ایسے موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے جبکہ اپوزیشن کا ہمیشہ رول ہے۔ کہ جب بھی موقع ملتا ہے، تو فوری طور پر شہری آزادی کی بات کرتی ہے اور برائے نام آئین کے نفاد کا ذکر ہوتا ہے اور کیا کیا بات نہیں ہوتی یہ غلط طریقہ ہے۔ اس طرح ایک بحث چھڑ جائے گی۔ ہم ایک اور سانحہ کے بارے میں اظہار کرنے لگے ہیں۔ میرے فاضل اور محترم دوست نے ایک ایسا قصہ چھیڑ دیا ہے۔ جس پر ایک لمبا چوڑا بحث مباحثہ شروع ہو سکتا ہے اور پھر ہمیں یہ بتانا پڑے گا۔ کہ اپوزیشن کا کیا رول ہے۔ تو اب اس لیے یہ وقت نہیں ہے۔ اسے مختصر کرنا چاہیے اور جس بات کا ذکر ہو رہا ہے۔ وہیں تک اس کو محدود رکھیں اب یہ وہ وقت نہیں ہے۔ انشا اللہ ان کو اور بہت سے مواقع ملیں گے اس وقت یہ کہہ سکتے ہیں۔

جناب نرگس زماں کیانی: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب چیئرمین! میں اس سلسلے میں آپ کی خدمت میں گذارش کرتا ہوں کہ مولانا صاحب سے کہیں کہ وہ مرحوم کی روح کو ثواب پہنچانے کے لیے فاتحہ پڑھیں۔

خواجہ محمد صفدر: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب چیئرمین ! میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ محترم محمد ہاشم صاحب جو کہ اس ایوان کے حزب اختلاف کے رہنما اور لیڈر ہیں۔ ان کی بات ابھی ختم نہیں ہوئی ہے کہ محترم وزیر صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہو کر اپنے خیالات کا اظہار فرما رہے ہیں اور میرے ایک محترم

دوست جو اس معزز ایوان کے معزز رکن ہیں آنھوں نے بھی ایک clasune motion پیش کر دیا ہے - مگر میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ حزب اختلاف کے محترم لیڈر کو اپنی تقریر جاری رکھنے کی اجازت فرمائیں -

جناب چیئرمین : ہاں وہ اپنی تقریر جاری رکھیں - لیکن میں معزز ممبر صاحب سے نہایت مؤدبانہ اور عاجزانہ درخواست کروں گا کہ میں نے یہ نہیں کہا ہے کہ جو کچھ آنھوں نے کہا ہے وہ غلط ہے یا درست ہے - مگر میں آن سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ کوئی ایسی بات عمداً ، قصداً یا سہواً نہ کہیں - جس کی وجہ سے بحث چھڑ جائے - مجھے خود بھی بڑا افسوس ہے - کیونکہ میں ان کو اچھی طرح سے جانتا ہوں - مگر پھر بھی یہ بہتر ہو گا - کہ آپ اپنی تقریر کا موضوع ان کی روح کو ثواب پہنچانے تک ہی محدود رکھیں - اور آپ اپنی تقریر بے شک جاری رکھیں -

جناب محمد ہاشم غلزئی : جناب چیئرمین میں اس کو اپوزیشن کے لیے ایک بحث کا مسئلہ نہیں بنانا چاہتا لیکن جناب والا میں اس معزز ایوان کی توجہ ایک بات کی طرف دلانا چاہتا ہوں ......

جناب چیئرمین : اس بات کو چھوڑئیے ، آپ اپنی تقرر فرمائیں -

جناب محمد ہاشم غلزئی : جناب چیئرمین میں تو یہ اظہار کرنا چاہتا ہوں - کہ عبدالصمد خان اچکزئی مرحوم اپنی زندگی میں برصغیر ہند و پاک میں آزادی کی تحریک سے وابستہ رہے ہیں اور وہ ایک مخلص کارکن تھے - وہ نہایت ہی ایمان دار ، محنتی اور قومی خدمت گار تھے اور آنھوں نے انگریزوں کے خلاف جد و جہد کی اور اس کے بعد آنھوں نے بلوچستان میں صوبائی خود مختاری کے قیام کے لیے جو تحریک شروع کی اس میں بھرپور حصہ لیا - وہ میرے بہت قریبی دوست رہے ہیں اور مجھے یہ بات کہنے میں کوئی جھجک محسوس نہیں ہوتی کہ ان کی وفات سے بلوچستان اور پاکستان کے جمہوری طریقے کو سخت دھچکا لگا ہے - میں دعا کرتا ہوں کہ خدا ان کی روح کو جنت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے اور ہمیں اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے کہ ہم ان کے نقش قدم پر چل سکیں -

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین! مجھے خان عبدالصمد خان اچکزئی کی موت پر دلی رنج ہے - ویسے تو جناب چیئرمین موت کے دروازے سے ہر ایک کو گذرنا ہے ، چاہیے کوئی بڑا ہو یا چھوٹا ، کوئی سیاسی رہنما ہو یا کسی اور طبقے سے تعلق رکھتا ہو -
جناب والا ! اس کو طبعی موت کی صورت میں نہیں کہا جا سکتا اس کو صرف قتل بھی نہیں کہا جا سکتا - یہ ایک سیاسی قتل ہے - جناب والا اس سیاسی اور بہیانہ قتل کی جتنی بھی مزمت کی جائے کم ہے -

جناب چیئرمین! گذشتہ کچھ عرصہ سے ہم پر سیاسی تشدد کا سایہ پڑ رہا ہے اور یہ سایہ دن بدن گہرا ہوتا جا رہا ہے - کبھی ڈاکٹر محمد نذیر قتل ہوتا ہے کبھی خواجہ محمد رفیق قتل کیا جاتا ہے ، کبھی کسی اور سیاسی کارکن اور رہنما کا قتل کر دیا جاتا ہے - اسی سلسلے میں ایک قتل یہ ہے کہ خان عبدالصمد خان اچکزئی کو قتل کیا گیا ہے - جناب والا سیاست میں تشدد کا سایہ کسی ملک کے لیے نہایت ہی

[Khawaja Mohammad Safdar]

خوفناک نتائج پیدا کر سکتا ہے اور خصوصیت سے ہمارے اس وطن عزیز کے لیے جہاں ہمارے اندر قومیت کے مربوط جذبات ابھی تک پیدا نہیں ہوئے ہیں - تو اس لیے میں یہ عرض کروں گا کہ نہ صرف ہمیں یہ کوشش کرنی چاہیے - سبھی جماعتوں کو خواہ وہ حکومت کی جماعت ہو یا حزب اختلاف سے تعلق رکھنے والی ہو - سبھی یہ کوشش کریں- جہاں وہ خود اپنی باتیں عوام کو سنانے کی کوشش کرتے ہیں - وہاں دوسروں کی باتیں سننے کا اپنے اندر حوصلہ پیدا کریں - یہ نہ کہا جائے کہ یہاں ہمالیہ روئے گا - واقعات ہوئے ہیں اور ہمالیہ کا پہاڑ ٹوٹ پڑا ہے اور یہ بھی کہا جائے کہ اگر کسی نے کوئی بات کی تو اس کی زبان گدی سے کھینچ لی جائے گی یا کسی کو غدار کہا جائے یہ طریقہ گفتگو جائز اور درست نہیں ہے -

جناب چیئرمین ! میں آپ کی خدمت میں یہ درخواست کروں گا کہ آپ مرحوم کے ورثاء تک ہمارے ان جذبات کو پہنچا دیں اور میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ جو تحقیقاتی کمیشن اب قائم ہوا ہے شاید اس کا انجام بھی سابقہ تحقیقاتی کمیشنوں سے قدرے بہتر نہ ہو - ......

جناب نرگس زمان خان کیانی : پوائنٹ آف آرڈر - جناب - جہاں تک خواجہ صاحب کے خیالات کے اظہار کا تعلق ہے یہ سابقہ حالات کو سامنے لانے کی کوشش کر رہے ہیں - چہ جائے کہ میرے معزز دوست جناب ڈپٹی چیئرمین صاحب نے کیسے اچھے الفاظ میں اپنے خیالات کا تعزیت کی شکل میں اظہار کیا تھا - ان خیالات کی تائید کی جاتی......

خواجہ محمد صفدر : پوائنٹ آف آرڈر پر تقریر کرنا شروع کر دی ہے -

This is not a point of order.

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : This is a very valid point of order. You cannot discuss politics out of condolence message. This is a very valid point of order. Can you bring politics into a condolence message.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! میری پوری کوشش تھی کہ......

Mr. Chairman : Let him complete his point of order, He is on his legs.

جناب نرگس زمان خان کیانی : جناب‌والا - میری گذارش یہ ہے کہ چونکہ اجلاس کی کارروائی کا وقت ہم لے رہے ہیں - میں اس سلسلے میں مولانا صاحب کی خدمت میں گذارش کرتا ہوں کہ وہ احتراماً کھڑے ہو کر مرحوم کی روح کے لیے فاتحہ خوانی کریں - تا کہ اس کے بعد اجلاس کی کارروائی شروع کی جائے -

جناب چیئرمین : خواجہ صفدر صاحب - آپ اگر مزید تقریر کرنا چاہتے ہیں تو میں آپ کو روکتا نہیں ہوں - جیسے میں نے پہلے عرض کیا کہ بہتر یہی ہوگا - اس سے مرحوم کی روح کو بھی تکلیف ہوگی جب اس کی شہادت کو موضوع بحث بنایا جائے -

خواجہ محمد صفدر : میرا قطعی یہ نظریہ نہیں ہے -

Mr. Chairman : You know the art of confining yourself only to the condolence.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس قتل کے ذمہ دار افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے - اگر یہ بات بھی میرے کسی معزز دوست کو یا معزز وزیر صاحب کو ناگوار گزرتی ہے تو پھر یہ میرے بس کی بات نہیں ہے - میں جناب چیئرمین صاحب پھر یہ عرض کروں گا کہ اس قسم کے اقدامات کئے جائیں تاکہ جو افراد اس بہیمانہ اور سفاکانہ قتل کے ذمہ دار ہیں ان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے انہیں زیادہ سے زیادہ سزا دی جائے - جو ہمارا قانون کہتا ہے اس کے مطابق سزا دی جائے - میں آخر میں مرحوم کے پسماندگان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے لیے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے - میں پھر یہ التماس کروں گا کہ آپ اس ایوان کے جذبات مرحوم کے ورثاء تک پہنچا دیں - شکریہ -

جناب چیئرمین : معزز اراکین ایوان - جب صدمہ سخت ہوتا ہے تو دل بھر آتا ہے - جب دل بھر آتا ہے تو الفاظ کی کمی ہوتی ہے میں اس پر کوئی زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں سمجھتا ، سوائے اس کے کہ میں کہوں کہ مرحوم ایک بہت بلند پایہ محب وطن شخصیت تھے - میں ان کو تقریباً تیس چالیس سال سے ذاتی طور پر جانتا تھا - انھوں نے جو خدمت قوم و وطن کے لیے کی ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے - ان کی موت سب کے لیے باعث صدمہ ہے - نہ صرف ان کے خاندان کے ممبران کے لیے بلکہ سب پاکستانیوں کے لیے اور مسلمانوں کے لیے ہے - جن جذبات کا اظہار میری دائیں طرف اور بائیں طرف سے ہوا ہے - میں ان کے تمام جذبات کی حمایت کرتا ہوں اور اس معزز ایوان کے جذبات کو ان کے سوگوار خاندان کے ممبران تک پہنچا دوں گا - اور آخر میں میں مولانا مفتی ظفر علی نعمانی صاحب نے عرض کروں گا کہ وہ مرحوم کے لیے دعا فرمائیں -

(مولانا ظفر علی نعمانی صاحب نے فاتحہ خوانی کرائی)

QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Chairman : Now we take up questions.

Direct Telephone Exchange at Sialkot

2. ***Khawaja Mohammad Safdar :** Will the Minister for Communications and Political Affairs be pleased to state :

(a) whether a scheme was approved for the installation of direct Telephone Exchange is Sialkot during the year 1972 ;

(b) whether it is fact that necessary building for the Telephone Exchange has been constructed since long and the requisite cable has already reached Sialkot :

(c) if so, the reasons as to why the requisite machinery has not so far reached Sialkot ?

Mr. Ghulam Mustafa Jatoi: (*a*) Yes. It is an expansion of the existing 2000 lines Automatic Exchange to 2400 lines.

(*b*) Yes.

(*c*) All equipment and accessories, except switches, are available at site. The switches are under manufacture in TIP and are expected to be on site very shortly.

خواجہ محمد صفدر: جناب چیئرمین - کیا میں محترم وزیر صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ very shortly سے ان کی کیا مراد ہے ؟

چوہدری محمد حنیف خان: یہ مارچ ۱۹۷۴ء تک انشاءاللہ تعالیٰ بالکل Complete ہو جائے گا -

ANNUAL PRODUCTION OF SUGAR CANE

3. *Khawaja Mohammad Safdar: Will the Minister for Food and Agriculture ond Rural Development be pleased to state:

(*a*) the annual production of sugarcane in the provinces of the Punjab, N.W.F.P. and Sind since 1965-66;

(*b*) the quantity of sugarcane crushed annually in the sugar mills situated in the provinces of the Punjab, N.W.F.P. and Sind separatcly since 1965-66:

(*c*) the quantity of sugai imported during the years 1971-72 and 1972-73 respectively; and

(*d*) the quantity of sugar at (*c*) above, allocated to the provinces of Baluchistan, N.W.F.P., the Punjab and Sind respectively during the years 1971-72 and 1972-73?

Sardar Ghaus Bakhsh Raisani: (*a*) to (*d*) The requisite information is given in the statement placed on the Table of the House.

STATEMENT SHOWING THE ANNUAL PRODUCTION OF SUGARCANE IN THE PROVINCES, QUANTITY OF SUGARCANE CRUSHED ANNUALLY, SUGAR IMPORTED DURING 1971-72 AND 1972-73 AND THE ALLOCATION OF IMPORTED SUGAR AMONG THE PROVINCES.

(*a*) **Production of Sugarcane.**

(Fig. in tons).

Year	*Punjab*	*Sind*	*N.W.F.P.*
1965-66	1,57,04,000	28,32,000	34,16,000
1966-67	1,54,45,000	29,49,000	32,42,000
1967-68	1,36,10,000	23,62,000	29,63,000
1968-69	1,58,91,000	27,34,000	29,90,000
1969-70	1,94,42,000	38,77,000	32,09,000
1970-71	1,65,68,C00	31,88,385	30,44,000
1971-72	1,35,57,000	27,40,790	33,48,000
1972-73	1,35,10,000	28,69,043	32,24,0.0

(*b*) Sugarcane Crushed by Sugar Mills.

(Fig. in tons)

Year	*Punjab*	*Sind*	*N.W.F.P.*
1965-66	14,16,410	8,95,804	13,10,033
1966-67	17,94,033	8,00,074	9,77,128
1967-68	11,55,447	6,02,295	7,39,086
1968-69	22,96,336	11,20,378	8,82,872
1969-70	37,28,253	19,36,703	13,36,942
1970-71	26,84,935	24,88,707	12,55,512
1971-72	15,86,835	11,37,174	10,00,296
1972-73	20,12,735	16,67,512	9,16,159

(*c*) Sugar imported :

1971-72	1,26,510 metric tons
1972-73	33,935 ,, ,,

(*d*) Allocations of imported sugar.

(figures in metric tons)

Year	*Punjab*	*Sind*	*NWFP*	*Baluchistan*
1971-72	43,446	35,302	2,976	11,372
1972-73	6,700	—	—	10,400

Supplementary Sir,

خواجہ محمد صفدر :

میں جناب وزیر محترم کی خدمت میں عرض کروں گا کہ 'a' کے جواب میں جو انھوں نے اعداد و شمار دیئے ہیں ان کا مقابلہ اگر 'b' کے جواب کے ساتھ کیا جائے تو ۷۳ - ۱۹۷۲ء میں پنجاب میں گنے کی پیداوار کا تقریباً چودہ فیصد ملوں میں crush کیا گیا - جہاں تک صوبہ سندھ کا تعلق ہے - وہاں کی کل پیداوار کا چوسٹھ فیصد crush کیا گیا ہے - اور جہاں تک صوبۂ سرحد کا تعلق ہے وہ گنے کی پیداوار کا تقریباً بائیس فیصد ملوں میں crush کیا گیا - میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ کیا وزیر محترم اس عدم توازن کو رفع کرنے کے لیے پنجاب اور صوبہ سرحد میں مزید ملیں لگوانے کا پروگرام بنا رہے ہیں - تاکہ تناسب کے اعتبار سے ان دونوں صوبوں میں بھی گنے کی پیداوار کا اتنا ہی حصہ ملوں میں crush ہو سکے جتنا کہ صوبہ سندھ میں ہے ؟

چوہدری محمد حنیف خان : جناب والا - سب سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ موجودہ پروگرام کے تحت چار نئی ملیں پنجاب میں اور ایک فرنٹیر میں لگا رہے ہیں -

خواجہ محمد صفدر : سندھ میں کتنی ہوں گی ؟

چوہدری محمد حنیف خان : چھ ملیں سندھمیں لگا رہے ہیں- اور پنجاب میں total ملیں ۱۶ سولہ ہو جائیں گی - سندھ میں تیرہ ۱۳ اور صوبہ سرحد میں پانچ ۵ ہو جائیں گی لیکن

[Ch. Mohammad Hanif Khan]

میں ایک یہ عرض بھی کر دینا چاہتا ہوں کہ سندھ میں یہ historical reasons ہیں - میں زیادہ دیر نہیں لگاؤں گا - اب بات سمجھ میں آ جائے گی - سندھ میں لوگ گنے سے زیادہ گڑ نہیں بناتے - اور زیادہ percentage جیسا کہ میرے فاضل دوست محترم جناب خواجہ صفدر صاحب نے فرمایا ہے - کہ وہاں پر جو sugar crush کی جاتی ہے - اس کی percentage بہت زیادہ ہے - اس کی صورت یہ ہے کہ ۷۳ - ۱۹۷۲ء میں پندرہ تھی - NWFP میں اٹھائیس ۲۸ تھی - سندھ میں اٹھارہ ۱۸ کی percentage کے حساب سے گنا crush ہوا - سندھ میں زیادہ گنا crush ہوتا ہے - اس کی وجہ یہ ہے کہ سندھ میں لوگ گڑ نہیں بناتے - پنجاب میں عام طور پر لوگ زیادہ percentage گڑ بناتے ہیں اور sugar شکر بنانے میں لگا دیتے ہیں - لیکن کوشش کی جائے گی کہ پنجاب کو بھی سندھ کے برابر لایا جائے جیسے کہ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے - جس وقت صورت حال ٹھیک ہو تو پنجاب کو زیادہ ملیں دی جائیں گی تا کہ زیادہ سے زیادہ یہاں پر گنا crush کیا جا سکے -

جناب خواجہ محمد صفدر : محترم وزیر صاحب نے میرے سپلیمنٹری سوال کا جواب ارشاد فرمایا ہے - کہ سال رواں کے پروگرام میں چھ نئی ملیں صوبہ سندھ نصب کی جائیں گی - ہم صوبہ پنجاب میں اور ایک صوبہ سرحد میں - جناب محترم وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا نئی ملوں کی یہ تعداد عدم تناسب نہیں پیدا کرے گی کیا اس سے disparity بڑھ نہیں جائے گی ؟

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : I will reply to the question. My friend knows very well that sometime's people have to pe persuaded forcibly in Punjab to bring cane. to the sugar mills.

Section 144 has been imposed time and again to force farmers to bring sugarcane to sugar mills. This is the position even today that farmers are not willing to take sugarcane to sugar mills. In this situation, unless the people are first persuaded and convinced with regard to the feasibility of crushing cane in the sugar mills, it will not serve any useful purpose to set up any more sugar mill because my friend knows it very well. I know the implication of the question he is asking. He knows that it is more profitable to make gur out of sugarcane.

جناب خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین میں محترم وزیر صاحب کی statement کو چیلنج کرتا ہوں -

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : Point of order. He cannot challenge ; he can only ask supplementary question.

خواجہ محمد صفدر : دیکھئے صاحب کہ جب ایک وزیر صاحب ایک غلط statement دیں - تو مجھے یہ حق نہیں ہے - کہ میں اس کا جواب دوں اور اپنے شکوک کا اظہار کروں میں اس ایوان میں گونگا بہرہ تو نہیں ہوں -

جناب چیئرمین : آپ تو پرانے parliamentarian ہیں - آپ کو معلوم ہے کہ سوال کا مطلب اطلاع لینی ہے - آپ کو معلوم کرنا ہے - جو آپ نے فرمایا ہے - آپ کو

انھوں نے بتا دیا - آپ اس طرح بحث نہیں چھیڑ سکتے کہ غلط ہے - ان کو چیلنج نہیں کر سکتے - یہ غلط ہے - ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا - انھوں نے آپ کو بتایا ہے - کہ پنجاب کے لوگ نہیں چاہتے کہ گنا شوگر مل میں لایا جائے - وہ اپنا گنا شوگر مل میں نہیں لے جانا چاہتے - وہ گڑ بناتے ہیں - کیونکہ ان کو گڑ میں زیادہ فائدہ ہوتا ہے - آپ کا یہ کہنا - کہ میں اس کو چیلج کرتا ہوں پھر اس پر لڑائی ہو جائے گی - اور میرے لیے مصیبت بن جائے گی کہ کیا فیصلہ کروں - اور مجھے ساری تحقیقات کرانی پڑے گی - سوال کا مقصد یہ نہیں ہوتا - انھوں نے آپ کا جواب دے دیا ہے - آپ دوسرا ضمنی سوال کر سکتے ہیں - میں آپ کو اجازت دیتا ہوں- لیکن اس کو اب چیلنج نہیں کر سکتے -

Mr. Tahir Mohammad Khan : Point of order. I wanted to invite your attention to Rule 55 and 56.

Mr. Chairman : You are challenging my ruling.

Mirza Mohammad Tahir : No sir.

Mr. Chairman : I have already decided the matter. I have asked Khawaja Safdar that he is not under the rules empowered or authorised and has no right to challenge the statement of the Minister.

Mr. Tahir Mohammad Khan : That is very much correct, sir.

جناب طاہر محمد خاں : جناب میں آپ کی توجہ اس بات کی طرف دلاتا ہوں - کہ سینٹ میں پریکٹس پھر چل رہی ہے - یہ بات صحت مند قسم کی بھی ہے - گفتگو مسلسل debate ہوتی ہے - جب گفتگو میں reply ہے - میرے فاضل دوست چاہتے ہیں - کہ ایک ہی issue کو debate کیا جائے - میں ہاؤس کی توجہ رول کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں -

جناب چیئرمین : میں نے تو انھیں پہلے ہی کہا ہے کہ آپ انھیں چیلنج نہیں کر سکتے - آپ ضمنی سوال کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں -

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : Sir, for future information of the honourable Members of the Senate, I, would be greatly obliged to the Chair if provisions of Rule 55 and 56 are brought to their notice that they cannot raise a discussion on any question except for a motion and only the Chair fix a date within a week for this purpose. When make a statement on the floor of the House, we make it authoritatively. We have full responsibility of the consequence of making an incorrect statement. Therefore, it is immodest to get up and say that I had made an incorrect statement. We should also learn what is the parliamentary practice.

Several Members : Mr. Chairman, sir.

Mr. Chairman : There is another gentleman who is on his legs, probably he is asking some supplementary.

جناب شہزاد گل : جناب والا ! وزیر موصوف نے ابھی فرمایا ہے کہ ایک مل فرنٹیئر میں تعمیر ہو رہا ہے ، ان کا اشارہ شوگر مل کی طرف ہے - میں آپ کے توسط سے

یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ خزانہ شوگر مل کی سکیم کتنے سال سے پڑی ہوئی ہے - پچھلے سال باہر سے مشینری منگوانے کا آرڈر بھی دیا گیا اور اس سارے ایک سال میں کوئی کام شروع نہیں ہوا - کیا میں یہ پوچھ سکتا ہوں کہ یہ نئی ۱۵ شوگر ملیں کب تعمیر ہوں گی اور اس کے لیے کوئی انتظام ہوا ہے یا نہیں ؟

جناب چوہدری محمد حنیف خاں : میں عرض کرنا چاہتا ہوں - کہ خزانہ شوگر مل موجودہ پلان میں شامل ہے - اس کو جلدی سے جلدی بنانے کی کوشش کی جائے گی - یہ کب سے پہلی حکومتوں نے تجویز کیا ہوا ہے ، کب سے یہ کاربار چل رہا ہے ، اس کے لیے مجھے نوٹس درکار ہے - موجودہ حکومت نے فیصلہ کیا ہوا ہے کہ وہ جلد سے جلد اس کو تیار کرے -

خواجہ محمد صفدر : میں محترم وزیر صاحب کی توجہ اپنے سوال کے جواب کے پارٹ B کے جواب D کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ allocations of important sugar تو 72—1971 کے بارے میں میں آنہوں نے ہمیں یہ بتایا ہے کہ پنجاب کو 43,446 ٹن سندھ کو 55,302 ٹن صوبہ سرحد کو 2,976 ٹن اور بلوچستان کو 11,372 ٹن دی گئی - تو جناب والا میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں - کہ کیا پنجاب میں دوسرے صوبوں کے مقابلہ میں راشن میں عوام کو نصف کوٹا کب سے مل رہا ہے - اس کی وجہ یہ نہیں کہ پنجاب کو allocations کم مل رہا ہے -

جناب چوہدری محمد حنیف خاں : جناب عالی یہ سوال نہیں پوچھنا چاہتے - یہ نہیں کہ یہ بذات خود بحث میں چلے جائیں - آپ مجھ سے انفارمیشن لے سکتے ہیں - آپ عدالت میں........

I am not a witness standing in a Court of Law. You can seek the information and I will certainly give you the information.

خواجہ محمد صفدر : لیکن جناب چیئرمین میرا ضمنی سوال اگر درست ہے - تو جناب وزیر صاحب اس کا جواب دے دیں - میں نے ہرگز ایسی جسارت نہیں کی کہ میں عدالت کے فرائض سرانجام دوں یا آپ رولنگ دے دیں -

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : We seek protection from the Chair.

جناب چیئرمین : آپ کا ضمنی سوال کیا ہے ؟

خواجہ محمد صفدر : میں یہ information مانگ رہا ہوں -

Mr. Chairman : What information you want to ask ?

Ch. Mohammad Hanif Khan : It is not a supplementary question. It is a statement.

Mr. Chairman : I would not allow to make a statement, I asked him "what is your supplementary question ?"

خواجہ محمد صفدر: میرا سوال یہ ہے: کہ پنجاب میں دوسرے صوبوں کے مقابلہ میں فی کس کوٹا کب سے مقابلتاً نصف ہے - کیا اس کی وجہ یہ تو نہیں ہے کہ مرکزی حکومت نے پنجاب کو نصف کے قریب چینی کا کوٹہ دیا تھا ؟

Mr. Chairman : This is not supplementary.

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : My friend presumes that the quota is half and then he goes on. May I draw your attention...

Mr. Chairman : I have already disallowed the supplementary.

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : The Chair should have disallowed the question on the first occasion.

Mr. Chairman : I have disallowed it. I asked him to clarify his supplementary.

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : The matter of great importance......

Mr. Chairman : And you rose on a point of order.

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : You are the custodian and protector of democratic traditions in the Senate. It is your responsibility to implement the rules which have been made for the Senate. These rules are to observed in letter and spirit. We have seen that the honourable Members of the Opposition's position is unfortunately reduced to negative ; they have particularly faild in every other respect.

Khawaja Mohammad Safdar : Question.

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : You can keep on questioning. The verdict of the people is before you. They have utterly failed to carry on constructive politics. They are now trying to bring about a rift between the people of two provinces.

Khawaja Mohammad Safdar : We are not here to hear sermons. I am on a point of order, Sir.

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : You will hear sermons.

Mr. Chairman : There cannot be a point of order. Mr. Pirzada is already on a point of order.

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : Yes. They should learn parliamentary decorum. I have risen on a point of order for safeguarding the dignity and decorum of this House. They are trying to establish that one province is getting favourable treatment in comparison to another.

Khawaja Mohammad Safdar : I have to defend defend the interest of Punjab and the rights of the Punjab, as I represent the Punjab.

چوہدری محمد حنیف خاں : جی ہاں یہ اکیلے ہی پنجاب کو Represent کرتے ہیں ! پنجاب میں Majority جیسے ان ہی کی ہے ! ان کو پنجاب میں جو Representation ملی ہے وہ سارا جہاں جانتا ہے -

Mr. Chairman : Next question please.

Non-availability of Post Cards, etc.

4. ***Khawaja Mohammad Safdar :** Will the Minister for Communications and Political Affairs be pleased to state :

(*a*) whether it is a fact that post cards and postal envelopes are not available in Post Offices at Sialkot for the last three months ;

(*b*) if so, ths reasons therefore ?

Mr. Ghulam Mustafa Jatoi :

(*a*) No.

(*b*) Does not arise.

Mr. Chairman : Next question please.

Highway from Shakar Darra to Naurang.

5. ***Haji Shabib Shah :** Will Minister for Political Affairs and Communications be pleased to state :

(*a*) whether it is true that the Highway in the N.W.F.P. from Shakar Darra to Naurang will directly pass through Karak Tehsil and that it will not touch Bannu City ; and

(*b*) if so, why an important bussiness-city of the Province is being deprived of the Highway link ?

Mr. Ghulam Mustafa Jatoi :

(*a*) The alignment of Indus Highway in N.W.F.P. has not yet been finally determined. Therefore, it is pre-mature to say anything in this regard.

(*b*) Question does not arise at this stage.

Mr. Kamran Khan : Will the honourable Minister please give an assurance to the House that the highway link will not be left out even if it entails a little extra expenditure ?

Ch. Mohammad Hanif Khan : The matter is still under consideration as I have said in my reply. How can I give an assurance at this stage ?

Mr. Chairman : Next question please.

Air-field in Swat.

6. ***Mr. Kamran Khan** : Will the Minister for Defence be pleased to state as to when construction work is likely to start on the air-field in Swat for which land was acquired in the middle of last decade ?

Mr. Aziz Ahmed : A case for acquisition of 86 acres of land is being processed by the Director Military Lands and Cantonments, Rawalpindi and Military Estate Office, Peshawar. In 1971 an amount of Rs. 5 lac was paid by the Department of Civil Aviation to the local revenue authorities in Swat district. The site for the proposed airport has been demarcated by the Military Estate Office, Peshawar. Further formalities for the acquisition of land are being expedited with the lccal authorities. Construction of a short jet air filed at Saidu Sharif in Swat is expected to be taken up during the financial year 1974—75, after PIAC have finalized their study on operations in this region.

Mr. Karman Khan : Will the honourable Minister be pleased to state when PIAC is likely to complete its study ?

Mr. Aziz Ahmed : Any time. I hope it will be able to proceed with this project in 1974—75.

Mr. Chairman : Question Hour is over.

Privilege Motions

Mr. Chairman : Next item : Privilege Motion. Before I take that up I have to dispose off an application from Mr. Mohammad Sulaiman. He has asked for leave of absence but he is present in the House now. Do you withdraw your leave application Mr. Suleman ?

Mr. Mohammad Suleman : Yes, I do.

Mr. Chairman : So, it becomes redundant.

Mr. Chairman : Now, I come to the Previlege Motion.

I had reserved my ruling on that. So, before we start with the adjurnment motion I would like to give my ruling.

On 1st December 1973, Khawaja Safdar moved a Privilege Motion alleging that he alongwith Nawabzada Nasrullah Khan was arrested on 6th September 1973 by the Superintendent of Police, Lahore, from the office of the Pakistan Democratic Party and taken under custody to the Civil Lines Police Station, Lahore. He was, however, released after about 2/3 hours, while the other person was datained under the Defence of Pakistan Rules. The mover made two points, namely :—

(1) That the action of the Superintendent Police amounted to breach of his privilege and that of the Senate, inasmuch as he was detained in contravention of the provision of Section 3 of the National Assembly Exemption from Preventive Detention and Personal Appearance Ordinance 1963,

Mr. Chairman]

(2) That the fact of his arrest and subsequent release was not intimated to the Chairman of the Senate as required by Rules 64 & 65 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973. The Minister for Parliamentary Affairs opposing the motion contended that the action of the police in taking Khawaja Safdar alongwith other person in the police van and keeping them for 2/3 hours, did not amount to arrest or detention and as such, no breach of privilege has been committed. The argument which he advanced was that since the Member had failed to submit his Privilege Motion at the earliest opportunity, as required under sub-rule 2 of Rule 59, the motion was inadmissible.

In reply to the first argument Kh. Mohammad Safdar contended that the fact of his removal by the SP from the office of Pakistan Democratic Party to the police station even though it was for two or three hours, came within the definition of arrest and detention under the ordinary law and as such breach of privilege had been committed. With regard to the second argument, his reply was that he learnt of the omission on the part of the police to report his arrest and release only when he had availed himself of the first opportunity to move his privilege motion.

Briefly Khawaja Mohammad Safdar's complaint raises two points : (1) Breach of his privilege because of his arrest during the Senate session and (2) failure of police to report the arrest and release to the Chairman of the Senate as required by the Rules. The action of the police in removing Khawaja Mohammad Safdar from the party office to the police station and in detaining him for about 3 hours amounts to arrest or detention under the ordinary law, cannot be seriously controverted. Restriction placed on the movement of a person against his consent for howsoever short a period, amounts to arrest and, therefore, I have no hesitation in holding that Khawaja Mohammad Safdar was placed under arrest or for that matter, under detention on the 6th September 1973 when he was removed in police van from the party office to the police station. Next, the right of a member to move a privilege motion is governed by the conditions laid down in rule 59 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate. Sub-rule (2) requires in unequivocal terms that the question shall be raiesd at the earliest opportunity. This condition is mandatory and must be complied with. The Senate session lasted from 4th to 15th September 1973 but the mover of the motion deliberately did not care to attend the session and lodged his complaint to the House by moving a privilege motion. Remedy for the redress of the wrong was open to Khawaja Mohammad Safdar but he knowingly did not avail of it. Since the condition in sub-rule (2) of Rule 59 is indispensable and the mover failed to comply with it, I have no alternative but to rule the motion inadmissible on this ground.

As regards the second point, namely, the omission on the part of the SP to report the arrest and release of Khawaja Mohammad Safdar, there can be no manner of doubt that the arresting authority has clearly contravened the mandatory provisions of rule 64 and 65 which enjoin upon him to immediately intimate the arrest and release of the Member to the Chairman of the Senate. It is not disputed that in this particular case, the Police did not intimate either the arrest or the release of Khawaja Mohammad Safdar to the Chairman of the Senate as required by the rules. As such the conduct of the arresting authority, namely the SP amounts to gross contravention of the mandatory provisions of the Rules of Procedure

and therefore actionable. Since this omission on the part of the police official concerned constitutes a breach of the collective privilege of the House, I hold the motion to be in order on this ground only. Now having given my......

Mr Tahir Mohammad Khan : After you have given your ruling holding that the motion was in order, Sir, I refer yo tou Rule 62. "If the Chairman holds the motion to be in order the Senate may consider and decide the question of privilege or may on a motion either by the member who raised the question or by any other Member refer it for report to the Committee on Rules of Procedure and Privileges." I mover that this motion may kindly be referred to the Committee on Rules of Procedure and Privileges.

Mr. Chairman : This was exactly what I was suggesting that I having given this ruling, now it was for the House to decide under Rule 62 whether this question should be considered and decided by the House today, tomorrow or at any other time or the move of the motion or any other Member wants this case to be referred to the appropriate committee, namely the Privilege Committee. So it is open to the Honourable Members, the Mover as well as others and they can make a motion which can be appropriately considered.

Khawaja Mohammad Safdar : Mr. Tahir Mohammad Khan has made a motion and I do not oppose it. I would request the Chairman to kindly refer this motion to the Standing Committee on Procedure and Privileges.

Mr. Chairman : A motion has been made by Honourable Tahir Mohammad Khan and it has been supported by the mover of the motion, Khawaja Mohammad Safdar that the matter be referred to the Privilege Committee for consideration and report to this House. Now I would like to have the sense of the House. Do you agree to this motion ?

Honourable Members : No objection to it.

Mr. Chairman : So the motion is carried. The motion having been carried and approved by the House, the matter is referred to the Privilege Committee for consideration and report to this House and when ?

خواجہ محمد صفدر: یہ مناسب ہوگا۔ جناب چیئرمین ۔ آپ کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ کہ یہ کمیٹیاں مکمل نہیں ہے ۔ ابھی حزب اختلاف کی جانب سے کئی نسشتیں خالی پڑی ہیں ۔ انہیں ابھی پر کرنا ہے ۔ اس لیے انتخاب کے لیے تاریخ مقرر کی جائے ۔

Mr. Chairman : It is upto you. What is your opinion Mr. Tahir ?

طاہر محمد خاں: خواجہ صاحب کی بات درست ہے ۔ کچھ کمیٹیوں کی ابھی تشکیل نہیں ہوئی ہے ۔ اس لیے رپورٹ اسی سیشن کے دوران میں دے دی جائے ۔

خواجہ محمد صفدر: مجھے معلوم نہیں کہ یہ Session کب تک چلے گا ۔ لیکن میں اصرار کرتا ہوں ۔ اس سے قبل کہ پرولیج کمیٹی کام شروع کرے ۔ حزب اختلاف کے جو رکن یہ ایوان چنے وہ اس کمیٹی میں شامل کئے جائیں اس لیے انتخاب کے لیے تاریخ مقرر کرنا زیادہ مناسب ہوگا ۔

Mr. Chairman : I would like to have your view on the matter whether after having referred this matter to the Privilege Committee, it is necessary to fix any date ?

Khawaja Mohammad Safdar : Under the rules, it is not at all necessary.

Mr. Chairman : We have to refer to rule 65 where the Senate has not fixed any time. We can leave it at that without fixing any date.

Well then in that case, the report will be presented within thirty days.

Khawaja Mohammad Safdar : (Urdu)

خواجہ محمد صفدر: میرا خیال ہے کہ اتنے عرصے میں یہ کمیٹیاں مکمل ہو جائیں گی -

Mr. Chairman : All right. So the matter stands referred to the Privilege Committee and the report will be submitted to the House in due course.

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : Sir, I seek clarification by the Chair. You have very kindly ruled that the matter should stand referred to the Privileges Committee but what is the scope of the reference, in view of the ruling that you have given. The scope of the reference must be absolutely clear so as to guide the Committee.

Mr. Chairman : I think, I am not quite sure, I think probably when I was giving my ruling you were not hearing it.

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : No. I have heard the ruling because there are certain conclusions that have been drawn by the Chair. Therefore, directions must be given to the Committee with regard to the scope of its working. If the matter is concluded, then the Committee cannot do any thing.

Mr. Chairman : The scope is this that so far as the arrest and detention of Khawaja Mohammad Safdar is concerned, as you know, because he has come very late, on that ground it has been held inadmissible. Only it has neen held admissible because of the failure of the police to report the arrest to the Chairman of the Senate.

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : That means that the Chair has held that the arrest has taken place.

Mr. Chairman : I have held that his removal from the office to the police station comes within the definition of arrest. Now you have heard it.

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : I have heard it but I must seek clarification.

Mr. Chairman : What action could be taken in this matter when the police has contravened certain rules of procedure in not reporting the

matter even upto this date to this House? It is for the Committee to submit their recommendation. It is upto them. I cannot lay down any thing.

Mr. Abdul Hafeez Pirzada : The ultimate decision will be by the House. Even the report of the Committee is not binding on the House. The House can undo any thing.

Mr- Chairman : Oh, Yes.

On a point of explanation I want to explain this

